سیریل نمبر:--035641

پولیس فارم نمبر24-5(1)

## ابتدائی اطلاعی رپورٹ نسبت جرم قابل دست اندازی پولیس رپورٹ شدہ زیر دفعہ 154 مجموعہ ضابطہ فوجداری

نمبر: 320/26 تھانہ: شہزادٹاون ضلع: اسلام آباد ای ٹیگ نمبر: ST-3/30/2026-1015 تاریخ ووقت وقوعہ: 30-03-2026 02:45 AM

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تاریخ ووقت رپورٹ | بحوالہ رپٹ نمبر(35)<br>30-03-202605:05AM | 6 | تھانہ سے روانگی کی تاریخ بوقت | Online |
| 2 | نام وسکونت اطلاع دہندہ مستغیث | عائشہ اعوان شوہر عامر اعوان، پتہ: سکنہ فارم ہاؤس نمبر 51 گلی نمبر 8 آرچرڈ سکیم مارگلہ ٹاؤن،<br>شناختی کارڈ نمبر: 61101-5582769-5 فون نمبر: 03004949222<br>مرتبہ مرسلہ: محمد رشید ASI تھانہ شہزاد ٹاؤن اسلام آباد | | | |
| 3 | مختصر کیفیت جرم (معہ دفعہ) ومال اگر کچھ کھو گیا ہے | بجرم:<br>397 ت پ | | | |
| 4 | جائے وقوعہ وفاصلہ تھانہ سے اور سمت | بحدرقبہ فارم نمبر 51 آرچرڈ سکیم بفاصلہ قریب 8 کلو میٹر بجانب شمال مغرب از تھانہ | | | |
| 5 | کاروائی متعلقہ تفتیش اگر اطلاع درج کرنے میں کچھ توقف ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کی جاوے | حسب آمد تحریری درخواست بشکل استغاثہ مقدمہ درج رجسٹر ہوا۔ | | | |

دستخط: Sarfaraz Ahmad بیلٹ نمبر: 672-ID عہدہ: SI ٹیلی فون نمبر: 03465947006

(ابتدائی اطلاع نیچے درج کریں)

بخدمت جناب ایس ایچ او صاحب تھانہ شہزاد ٹاؤن اسلام آباد جناب عالیٰ! گزارش ہے کہ میں مسماۃ عائشہ اعوان زوجہ عامر اعوان، سکنہ فارم ہاؤس نمبر 51، گلی نمبر 8، آرچرڈ سکیم، مارگلہ ٹاؤن کی رہائشی ہوں۔ آج مورخہ 30.03.26 کی درمیانی شب میں اپنے شوہر عامر اعوان کے ہمراہ بیڈروم میں موجود تھی، جبکہ میرے بیٹے اسد اور اریان اعوان اپنے اپنے بیڈروم میں سو رہے تھے۔ بوقت قریب 2:45 بجے رات، کمرے میں شور کی آواز آنے پر میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے دیکھا کہ کمرے کے اندر تین مسلح ملزمان میرے شوہر کے ساتھ ہاتھاپائی اور مزاحمت کر رہے تھے، جبکہ دو مسلح ملزمان کھڑکی کے باہر کھڑے تھے۔ میں نے شور مچایا تو ملزمان نے ہمیں جان سے مارنے کی نیت سے سیدھے فائر کیے، جس میں سے ایک فائر میرے شوہر کے پیٹ میں لگا اور وہ شدید زخمی ہو کر گر پڑے۔ میرا شور اور فائرنگ کی آواز سن کر میرے بیٹے اسد اور اریان بھی کمرے میں آگئے، جس پر ملزمان کھڑکی کے راستے باہر کی طرف فرار ہوگئے۔ باہر نکل کر دیکھا تو سیکیورٹی گارڈز ارمان اور داؤد بھاگتے ہوئے آئے۔ انہوں نے بتایا کہ مسلح ملزمان نے ارمان سے اس کی گن، موبائل فون اور نقدی چھین لی تھی، جبکہ کلیم اللہ اور داؤد سے بھی موبائل اور نقدی چھین کر انہیں کمرے میں بند کر دیا تھا۔ ملزمان نوجوان، قد درمیانہ (ایک ملزم کا قد قدرے لمبا)، رنگ گندمی اور جسمانی ساخت مضبوط تھی۔ میں، میرے شوہر عامر اعوان، میرے بیٹے اسد اور اریان اعوان، اور سیکیورٹی گارڈز ارمان اور داؤد ملزمان کے سامنے آنے پر انہیں شناخت کر سکتے ہیں۔ ملزمان نے ہمارے گھر میں ڈکیتی کی نیت سے گھس کر، مجھ پر اور میرے شوہر پر جان لیوا حملہ کر کے میرے شوہر کو شدید زخمی کیا اور ملازمین سے موبائل فون اور اسلحہ چھین کر سنگین جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ استدعا ہے کہ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ العارض عائشہ اعوان زوجہ عامر اعوان سکنہ فارم ہاؤس نمبر 51 گلی نمبر 8 آرچرڈ سکیم مارگلہ ٹاؤن شناختی کارڈ نمبر 6110155827695 فون نمبر 03004949222 کاروائی پولیس اطلاع وقوعہ پاکر من ASI معہ ہمرائیاں احسان اللہ 5667/C، ارشد 1764/C، منصور 7166/C پمز ہسپتال پہنچا تو مضروب عامر اعوان بحالت مضروبی ایمرجنسی میں زیر علاج ہے جس کا نقشہ مضروبی مرتب کر کے جناب CMO صاحب پمز کو رسیو کروایا اور درخواست قلم بندی بیان مضروب الگ تحریر کر کے جناب CMO صاحب پمز کو پیش کی جس نے تحریر کیا کہ مضروب سر دست بیان دینے کے قابل نہ ہے سائلہ بالا نے ایک قطع تحریری درخواست پمز ہسپتال میں پیش کی تحریر مضمون درخواست وحالات واقعات سے سر دست صورت جرم 397 ت پ پائی جا کر اصل درخواست بشکل استغاثہ بجرم مذکور بغرض قائمی مقدمہ بدست احسان اللہ 5667/C ارسال تھانہ ہے مقدمہ درج رجسٹر کر کے نمبر مقدمہ سے آگاہ بخشی جاوئے میں معہ ہمرائیاں مصروف تفتیش ہوں۔ ازموقع پمز ہسپتال ایمرجنسی اسلام آباد محمد رشید ASI تھانہ شہزاد ٹاؤن ضلع اسلام آباد بوقت 4/40 بجیرات مورخہ 30.03.26 از تھانہ حسب آمد استغاثہ رپورٹ ابتدائی اطلاعی بجرم مذکور مرتب ہوئی جناب SHO صاحب علاقہ تھانہ میں ہیں جنکو اطلاع بابت اندراج مقدمہ دی جارہی ہے محرر بعد تکمیل ریکارڈ نقول FIR جابجا افسران مجاز ارسال کرے اصل درخواست معہ نقل FIR بدست آرندہ کنسٹیبل عقب فرسندہ ASI بمراد تفتیش ارسال ہے۔

SI Sarfaraz Ahmad

30-03-2026